**نمبر 2125-B**

کتاب کا نام.. :- بیاض

مصنف........ :- نامعلوم

سایز............ :-

اوراق..... :-

سطور..... :-

خط............... :- نستعلیق

آغاز............. :- -

اختتام...........:- -

موضوع....... :- متفرق

زبان :- عربی، فارسی، گوجری، ھندی، وغیرہ۔

نوٹ............. :- بیاض قسم کی چیز ہے۔ بزرگوں مثلاً حضرت رابعہ بصری، حضرت معروف کرخی وغیرھم، کتابوں مثلاً جامع المنی فی شرح اسماء الحسنیٰ مولفہٗ سید محمد بن جلال مقبول عالم متخلص بہ جلالی احمد آبادی، فارسی اشعار، عربی اشعار، ھندی اشعار، فارسی عربی خطوط وغیرہ پر مشتمل یہ بیاض احمد آباد کے مشہور و معروف بزرگ حضرت سراج الدین محمد شاہ عالم بخاری رضوی شاھی کے سجادوں حضرت سید جلال صدر الصدور ملقب بہ مقصود عالم و متخلص بہ رضا، ان کے صاحبزادے سید جعفر بدر عالم اور ان کے صاحبزادے غالباً سید محمد محبوب عالم کی ہے۔ ان میں حضرت شاہ عالم کی مدح میں فارسی قصیدہ اور غالباً سید جلال مقصود عالم اور سید جعفر بدر عالم متخلص بہ صفا کے اشعار بھی ہیں۔ کچھ اشعار حضرت برھان الدین ابومحمد عبداللہ قطب عالم (والد حضرت شاہ عالم) کے خلیفہ حضرت سید عثمان ملقب بہ شمع برھانی کے ہیں۔ ایک جگہ حضرت شاہ عالم صاحب کی صاحبزادیوں کی قبروں کی نشاندھی ایک نقشہ کے ذریعہ کی گئی ہے۔ ایک جگہ ملک حسین الزینی القطبی الشاھی کا بھی ذکر ہے جو حضرت سید مقبول عالم ۔۔۔ کے استاد تھے۔

صفحہ 19-A پر ۱۰۷۰ تاریخ درج ہے آخری صفحہ پر مولانا حضرت شاہ وجیہ الدین کے خط کا حوالہ لکھا ملتا ہے۔